# غزالی نیوز

GET GHAZALI EDUCATION TRUST

**القرآن** اور وہ کون ہے جو خشکی اور سمندر کی تاریکی میں تم کو راستہ دکھاتا ہے اور کون اپنی رحمت کے آگے ہواؤں کو خوشخبری لے کر بھیجتا ہے کیا اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا خدا بھی (یہ کام کرتا ہے) بہت بالا و برتر اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔ (النمل 63)

**الحدیث** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دو ہی آدمی رشک کے قابل ہیں ایک وہ جسے اللہ نے قران کا علم دیا تو وہ اسے پڑھتا پڑھاتا اور اس پر عمل کرتا ہے اور دوسرا وہ شخص جس کو اللہ نے مال دیا' جسے وہ رات اور دن کے اوقات میں صحیح جگہ پر خرچ کرتا ہے۔


جون 2001ء شمارہ 3 قیمت 5 روپے

آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی کے ڈائریکٹر اشتیاق احمد گوندل نے اکیڈمی کے قیام کی غرض وغایت بیان کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی قوم کی تشکیل وتعمیر نو میں استاد ایک بنیادی کردار ادا کرتا ہے وہ اپنے قول عمل سے ابدی سچائیوں کی تعلیم دیتا ہے اور اپنے متعلمین کو علم وعمل کی حقیقتوں سے روشناس کراتا ہے۔ محسن انسانیت نے فرمایا کہ مجھے معلم بنا کے بھیجا گیا ہے اور یہ کہ مجھے عمدہ اخلاق کی تکمیل کیلئے بھیجا گیا ہے۔ گویا کہ ایک استاد کی سب سے اہم اور بنیادی ذمہ داری جہاں تعلیم کی ترویج واشاعت ہے وہیں پر تعمیر سیرت وکردار کا اہتمام کرنا بھی ہے۔ انسان سازی کی انہی رفعتوں کا حصول آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی کے قیام کا بنیادی سبب ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اکیڈمی میں آئندہ تین ماہ کا تربیتی شیڈول ترتیب دے دیا گیا ہے اور فیصل ٹھاکر کو ڈپٹی ڈائریکٹر تعینات کر دیا گیا ہے۔

## نئے تعلیمی سیشن میں قائم ہونے والے سکولز

| ضلع | تعداد | مقام |
|---|---|---|
| سرگودھا | 1 | 4 شمالی |
| نارووال | 1 | کروال |
| منڈی بہاؤالدین | 3 | ڈھول، ڈھوک مراد، سندا |
| چکوال | 2 | رہنہ سادات، دئیوال |
| راولپنڈی | 1 | دیوی |
| اسلام آباد | 3 | بیگوال پنڈ، کوٹ ہتھیال، کھینگر خورد |
| میانوالی | 2 | چک نمبر M-L 10، نصیر والا |
| فیصل آباد (جنوبی) | 3 | 74 گ ب، 171 گ ب، ستیانہ بنگلہ |
| جھنگ | 2 | شبیر آباد، شیر چاکر |
| ملتان | 3 | علی والا، موہن پور، کلچ پور |
| رحیم یار خان | 2 | مراد پور، پیر حسین آباد |
| ڈیرہ غازہ خان | 1 | بستی گھمن |
| مظفر گڑھ | 3 | مہر پور، احسان پور، طارق آباد |
| شیخوپورہ | 3 | رتی ٹبی، ڈھاکے، ہردیو (گرلز سکول) |
| ٹوبہ ٹیک سنگھ | 6 | چک نمبر 304 گ ب، چک نمبر 521 گ ب، چک نمبر 180 گ ب، چک نمبر 245 گ ب، چک نمبر 181 گ ب، چک نمبر 183 گ ب |

## Pakistan Rural Education Programme




YEARLY PROGRESS

## دختران اسلام اکیڈمی مری میں فہم دین کورس

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تحت غیر ممالک میں مقیم طالبات کیلئے فہم دین کورس، 15 جولائی تا 15 اگست دختران اسلام اکیڈمی مری میں منعقد ہوگا۔ فہم دین کورس کے ڈائریکٹر حاجی غلام نبی عباسی ہوں گے خلیج اور یورپی ممالک کی پاکستانی طالبات کی کثیر تعداد متوقع ہے۔ اسی نوعیت کا کورس گذشتہ برس ہوا تھا جس میں 7 ممالک کی 43 طالبات نے شرکت کی تھی۔

## سیکرٹریٹ آمد

اکنا کے سابق مرکزی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر ظہیر الدین 18 مئی 2001ء کو غزالی سیکرٹری تشریف لائے، ان کے ہمراہ پیما کے سابق مرکزی صدر جناب ڈاکٹر احمد خان صاحب بھی تھے۔ مشتاق احمد مانگٹ نے انہیں GET کے مختلف شعبہ جات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔

## ملاقات

GET کے ایک وفد نے وزیر سماجی بہبود جناب شاہین عتیق الرحمٰن سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وزیر موصوفہ کو GET کے مختلف پراجیکٹس کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے دلچسپی ظاہر کرتے ہوئے ہر قسم کے تعاون کا یقین دلایا۔ وفد میں اشتیاق احمد گوندل وقاص انجم جعفری اور اسلم جاوید شامل تھے۔

## ماھانہ ڈی ایم ایس میٹنگ

گزشتہ دنوں DMS میٹنگ ہوئی جس میں تمام اضلاع کے ڈسٹرکٹ مینجرز حضرات نے اپنے ضلع کی کارکردگی و مالیات کی رپورٹ پیش کی اس کے بعد امسال کھلنے والے نئے سکولوں کا جائزہ پیش کیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ سالانہ رپورٹ کا سیشن بھی ہوا نئے منتخب ہونے والے اساتذہ جائزہ فارم وظیفہ برائے یتیم و مستحق بچے ان سب امور پر تفصیلی بحث ہوئی۔

میٹنگ کے پہلے روز چیئرمین غزالی ایجوکیشن سروسز جناب مشتاق احمد مانگٹ اور ڈپٹی ڈائریکٹر HRD جناب محمد شفیق کے ساتھ نشست میں نصاب کے حوالے سے اور خصوصاً KC کیلئے انگلش قاعدہ پر تفصیلی گفتگو ہوئی جس میں DMS صاحبان کو مفید مشورے دیئے۔ 10 مئی کو DMS صاحبان نے مالیاتی امور نمٹائے جس میں اکاؤنٹس آفیسر میاں عمیر صاحب نے معاونت کی۔ اس میٹنگ میں اسلم جاوید نے غزالی نیوز لیٹر کے بارے میں تمام احباب کو بریفنگ دی اور دوسرا شمارا پیش کیا۔ وائس چیئرمین اشتیاق احمد گوندل اور سیکرٹری جنرل GET جناب وقاص انجم جعفری صاحب نے بھی شرکت کی اور مختلف امور پر ہدایات دیں۔

## تقاریب تقسیم انعامات

| جگہ | ضلع | مہمان خصوصی |
|---|---|---|
| GCW | اسلام آباد | سید منور حسن، جاوید چوھدری |
| سکندر آباد | ملتان | راؤ عبدالقدیر، کنور عقیل اختر |
| احمدوالہ | ملتان | سید وقاص انجم جعفری، رانا فیض اقبال |
| حاجی پور | رحیم یارخان | شفیق احمد رؤف، رئیس حاجی غلام محبوب، رئیس حاجی خورشید احمد نمبردار |

| جگہ | ضلع | مہمان خصوصی |
|---|---|---|
| پپلاں | میانوالی | سیکرٹری جنرل |
| احمد خانوالہ | میانوالی | سیکرٹری جنرل |
| شہباز خیل | میانوالی | سکندر عباس قریشی، وقاص انجم جعفری |
| 58 شمالی | سرگودھا | ملک محمد اشرف اعوان |
| دھریمہ | سرگودھا | آصف مجاھد |

## افتتاحی تقاریب

| مقام | ضلع | مہمان خصوصی |
|---|---|---|
| علی والا | ملتان | وقاص انجم جعفری |
| بہارہ کہو | اسلام آباد | نرگس زمان کیانی |
| پنڈ بیگوال | اسلام آباد | گل انداز عباسی |
| ڈھوک مراد | منڈی بہاؤالدین | وقاص انجم جعفری، عامر محمود چیمہ |
| سندا | منڈی بہاؤالدین | وقاص انجم جعفری، عامر محمود چیمہ |
| 10-M | میانوالی | وقاص انجم جعفری، عامر محمود چیمہ |
| غزالی ہردیو | شیخوپورہ | مسز اکبر جل، مسز فریال ظفر |

| مقام | ضلع | مہمان خصوصی |
|---|---|---|
| 245ج۔ب | ٹوبہ ٹیک سنگھ | سیکرٹری جنرل |
| 180 گ۔ب | ٹوبہ ٹیک سنگھ | سیکرٹری جنرل |
| 521 گ۔ب | ٹوبہ ٹیک سنگھ | سیکرٹری جنرل |
| 304 گ۔ب | ٹوبہ ٹیک سنگھ | سیکرٹری جنرل |
| 181 گ۔ب | ٹوبہ ٹیک سنگھ | سیکرٹری جنرل |
| 183 گ۔ب | ٹوبہ ٹیک سنگھ | سیکرٹری جنرل |

## غزالی سکول سسٹم چک 58 شمالی (سرگودھا) کا رزلٹ سو فیصد رہا

غزالی سکول سسٹم چک نمبر58 شمالی (سرگودھا) کا رزلٹ اس سال بھی سو فیصد رہا اور تمام بچوں نے اچھے نمبروں میں اپنا امتحان پاس کیا۔ جماعت دوم کے 14 بچوں سے 12 بچوں نے اول پوزیشن حاصل کی۔ پورے سکول میں سے اول آنے والے طالب علم محمد وقاص کھرل نے 150 میں149 نمبر حاصل کیے واضح رہے کہ پچھلے سال بھی سکول ھذا کا رزلٹ سو فیصد رہا تھا۔ دوم کلاس کی طالبہ سعدیہ نورین احمد نے ضلع سرگودھا میں سے اول پوزیشن حاصل کی۔ اس نے300 میں سے295 نمبرز حاصل کیے۔ اول کلاس کے محمد وسیم اور ماریہ عباس نے ضلع بھر میں تھرڈ پوزیشن حاصل کی انہوں نے250 میں سے 230 نمبرز حاصل کئے اور اپنی کلاس میں فرسٹ پوزیشن حاصل کی۔

## میاں مقصود احمد
### وائس چیئرمین غزالی کا دورہ گجرات

11 مئی 2001ء کو میاں مقصود احمد نے سید وقاص انجم جعفری اور سید عامر علی کاظمی کے ہمراہ GSS گجرات کا دورہ کیا۔

انہوں نے GSS کٹھالہ، مکیانہ، نندوال اور خواص پور کے دورہ کے دوران طلباء کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور طلباء کے لئے جھولے مہیا کرنے کا اعلان کیا۔ سیکرٹری جنرل GET نے سکولز میں نئے سال کے آغاز پر تمام فائلز اور رجسٹرز کو احسن انداز میں مکمل کرنے پر خوشی کا اظہار کیا۔ اور Month of Beauty کے حوالے سے سکولز میں کی گئی کاوشوں پر مسرت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر GSS مکیانہ کی زیر تعمیر بلڈنگ کا معائنہ بھی کیا گیا۔ اور جناب میاں مقصود احمد نے تعمیرات سے متعلق ہدایات جاری کیں۔

## ڈاکٹر عظمت عباس کا دورہ گجرات

ڈاکٹر عظمت عباس ڈائریکٹر رائل کالج آف بزنس ایڈمنسٹریشن نے GSS مکیانہ کی زیر تعمیر بلڈنگ کا دورہ کیا اس دورہ میں ان کے ہمراہ مشتاق احمد مانگٹ اور سید عامر علی کاظمی بھی تھے۔ ڈاکٹر عظمت عباس GSS مکیانہ اور خواص پور کے بچوں سے بھی ملاقات کی اور بچوں کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اس دورہ میں اساتذہ سے بھی ملاقات کی گئی اور غزالی سکولز میں انکی کارکردگی کو سراہا گیا۔

## جنرل سیکرٹری غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے اعزاز میں عشائیہ

سید وقاص انجم جعفری کے دورہ ملتان کے موقع پر ڈاکٹر اشرف علی عتیق سرپرست غزالی سکول سسٹم ضلع ملتان نے عشائیہ کا اہتمام کیا، اس میں سید عبدالقادر شاہ، حاجی خالد محمود، میاں حمید، چوہدری ریاض، ڈاکٹر اشرف علی عتیق، ڈاکٹر وسیم اور عمران ظہور غازی DMS نے شرکت کی۔ اس Get Together میں سوال و جواب اور تعاون کے حوالے سے مفید بات چیت ہوئی، اپنی اہمیت کے اعتبار سے یہ نشست بہت اچھی تھی "محدود مگر موثر"۔

## وائس چیئرمین کا دورہ اسلام آباد و مری

وائس چیئرمین جناب اشتیاق احمد گوندل اور سیکرٹری جنرل جناب وقاص انجم جعفری صاحب نے پاکستان انٹرنیشنل پبلک سکول مری، دختران اسلام اکیڈمی مری اور غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کا دورہ کیا۔ انتظامیہ امور اور تعلیمی معیار زیر بحث آئے۔ آئندہ کا لائحہ عمل طے کرنے کے لئے مشاورت کی گئی۔

## مشتاق احمد مانگٹ کا دورہ رحیم یار خان


ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز جناب مشتاق احمد مانگٹ نے GSS رحیم یارخان کا تفصیلی دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ جناب حامد مرزا تھے۔



غزالی فورم سے جناب عطاء اللہ صدیقی خطاب کر رہے ہیں



چک نمبر 341 گ ب ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ چوہدری فقیر محمد نمبردار تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر



GSS 287 ج ب ٹوبہ ٹیک سنگھ میں تقریب تقسیم انعامات



غزالی سکول سسٹم احمد والا ضلع ملتان معززین علاقہ سیکرٹری GET کے ہمراہ



ننھی غزالیین خوش آئند مستقبل کے بارے میں سوچتے ہوئے



پرعزم غزالیین



GSS دھریمہ (سرگودھا) کے طلبہ کلر کہار کی سیر کے موقع پر



اکیسویں صدی کی قیادت سنبھالنے کے لئے ننھے غزالیین کا پراعتماد انداز



GSS 93 گ ب (فیصل آباد) تعمیر کے مراحل میں



انفرادی توجہ

## LACD کے ذرائع کے مطابق

مشتاق مانگٹ صاحب نے ہمراہ زاہد چوہدری اور شفیق صاحب GSS ھیئر اور GSS کالر کا دورہ کیا اور GSS ھیئر میں کلاس روم سائز پر سیر حال بحث کی گئی ایک خالی کلاس روم میں معیاری سائز کے ڈیسک اور بنچ لگانے کا سٹائل طے کرتے ہوئے ڈیسک بنچ کی پیائش کلاس روم ٹیبل اور معلم کی کرسی کی پیائش کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ ایک معیاری کلاس روم کا سائز 16'X22' ہوگا۔ جس میں 35-30 بچے با سہولت پڑھ سکتے ہیں۔

محترم سید وقاص انجم جعفری نے ممتاز ماہر تعمیرات جناب میاں شاہد اور زاہد چودھری کے ہمراہ 93 گ ب کی زیر تعمیر عمارت کا معائنہ کیا اس موقع پر ممتاز ماہر تعلیم سید انجم جعفری صاحب بھی ساتھ تھے۔ میاں شاہد نے زیر تعمیر عمارت کی رفتار پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسے جلد از جلد مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس وقت چار دیواری کا کام جاری ہے۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر PREP عامر محمود چیمہ نے ہمراہ زاہد چوہدری سپروائزر LACD ضلع گجرات اور ضلع منڈی بہاؤالدین کا دورہ کیا اور وہاں غزالی سکولز کی زیر تعمیر عمارات کا جائزہ لیا۔ ضلع گجرات میں GSS مکیانہ پہنچ کر تعمیراتی کام کی رفتار اور کوالٹی کا جائزہ لیا اور موقع پر ہدایات دیں وہاں سے فارغ ہو کر عامر محمود چیمہ ہائر سیکنڈری سکول ڈنگہ پہنچے جہاں سے ہمراہ ضیا اللہ شاہین DMS منڈی بہاؤالدین کو ساتھ لے کر قصبہ وڑائچاں پہنچے جہاں GSS غزالی سکول سسٹم کے لیے حصول اراضی کے سلسلہ میں مقامی زمیندار چوہدری الیاس سے ملے۔ چوہدری الیاس نے GSS وڑائچاں والا کے لئے ایک کنال زمین بطور عطیہ دینے کا وعدہ کیا۔

## غزالی فورم

آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی میں 28 اپریل 2001ء کو ''پاکستان میں این جی اوز کے کردار'' کے موضوع پر فورم ہوا جس میں ممتاز صحافی اور دانشور جناب عطاء اللہ صدیقی نے اظہار خیال کیا۔ انہوں نے پاکستان میں این جی اوز کی تاریخ ان کے کردار اور اثرات پر بہت موثر اور سیر حاصل گفتگو کی۔ آخر میں حاضرین کے سوالات کے جواب دیئے۔

## ضلعی نامہ نگار

| | | |
|---|---|---|
| ڈیرہ غازی خان | = | غلام مرتضٰی |
| میانوالی | = | عامر فاروق انجم |
| شیخوپورہ | = | اعجاز احمد ملک |
| گجرات | = | سید اشفاق حسین |
| منڈی بہاؤالدین | = | ظفر اقبال حسرت |
| رحیم یار خان | = | حافظ محمد ابوبکر |
| سرگودھا | = | وقار احمد گوندل |
| ٹوبہ ٹیک سنگھ | = | جاوید اقبال |

## پیشکش

غزالی سکول سسٹم احمد والا ضلع ملتان کے سرپرست رانا فیض اقبال نے دو کنال زمین سکول کیلئے وقف کی۔
غزالی سکول سسٹم علی والا ضلع ملتان کے جناب رانا محمد اقبال نے سکول کیلئے عمارت کی تعمیر کا ذمہ لینے کا اعلان کیا۔

حاجی پور ضلع احمد یار خان کے جناب رئیس حاجی غلام محبوب صاحب نے ایک کنال پر مشتمل مکان غزالی سکول سسٹم کو وقف کیا۔

چوہدری الیاس نے GSS وڑائچاں والا کے لئے ایک کنال زمین بطور عطیہ دینے کا وعدہ کیا۔

## غزالی وفد کا دورہ سیالکوٹ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر جناب عامر علی کاظمی اور زاہد علی چوہدری نے علاوہ اقبال فاؤنڈیشن سیالکوٹ کے سکولز کا تفصیلی دورہ کیا۔

## اظہار تعزیت

گزشتہ ماہ شعبہ تعلیم و تحقیق پنجاب یونیورسٹی کے پروفیسر اور غزالی ورکنگ گروپ کے ممبر جناب پروفیسر طارق محمود چوہدری کی والدہ محترمہ کا انتقال ہوگیا (انا للہ وانا الیہ راجعون) غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے وائس چیئرمین جناب پروفیسر اشتیاق احمد گوندل اور سیکرٹری جنرل سید وقاص انجم جعفری نے انکے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی نیکیوں کی قبولیت اور اہل خانہ کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔

## جنوبی پنجاب کے لئے ٹریننگ پروگرام

تعطیلات گرما میں غزالی انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن خانیوال کو آفاق ٹیچرز اکیڈمی کا ٹریننگ مرکز مقرر کر دیا گیا ہے۔ یہاں جنوبی پنجاب کے اساتذہ کے لئے ٹریننگ پروگرام کا انعقاد ہوگا۔ جبکہ ادارہ کے ڈائریکٹر جناب عزیز لطیف ان سرگرمیوں کی سرپرستی کریں گے۔

## غزالی سکول سسٹم دھریمہ کی سڑک تکمیل کے مراحل میں

غزالی سکول سسٹم دھریمہ (رجسٹرڈ) کے لئے حاصل کئے گئے راستہ پر 14 فٹ اور 800 فٹ لمبے راستے پر بھرتی کا کام مکمل ہو چکا ہے اور سیوریج نالہ زیر تعمیر ہے اور 12 فٹ چوڑا سولنگ 15 جون تک مکمل ہو جائے گا۔

یاد رہے کہ نالہ اور سولنگ محکمہ پبلک ہیلتھ کی گرانٹ سے مکمل ہو رہے ہیں راستہ مقامی لوگوں نے مہیا کیا ہے۔ جبکہ بھرتی غزالی سکول سسٹم دھریمہ (رجسٹرڈ) کی جانب سے ڈلوائی گئی۔

## نئی تقرریاں

آفاق ٹیچرز اکیڈمی میں جناب فیصل ٹھاکر کو ڈپٹی ڈائریکٹر، جناب احسان الصمد کو DMS گجرات اور جناب نوید اقبال کو DMS جھنگ مقرر کیا گیا۔

## ضروری اطلاع

اس ماہ کے آخری ہفتے سے غزالی ایجوکیشنل سروسز کا آفس اور فون نمبر تبدیل ہو رہا ہے۔ براہ کرم آئندہ سے اس پتہ پر رابطہ کیا جائے۔

40-جی، شمع پلازہ-72- فیروز پور روڈ لاہور

فون نمبرز: 7551078-7587987

## زیر اہتمام

انفارمیشن اینڈ پروموشن ڈیپارٹمنٹ
66-ایف ماڈل ٹاؤن، لاہور۔
فون فیکس: 042-5882939
ای میل: getpak@hotmail.com
ویب سائٹ: http//www.ghazali.edu.pk